© rasailojaraid.com


اگر ہم آپ کے اِس استدلال کو مان لیں کہ قرآن میں چونکہ حکم ہے کہ جب تم نماز کے لیے اٹھو تو وضو کرو، اس لیے ہر نماز کے لیے تازہ وضو ضروری ہے، تو اسی طرح کا استدلال کر کے ایک شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ ہر مستطیع مسلمان کو ہر سال حج کے موقع پر حج کرنا چاہیے اور اس کے برعکس ایک دوسرا شخص یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ ایک مرتبہ زکوٰۃ دے دینے سے حکم زکوٰۃ کی تعمیل ہو جاتی ہے۔ تشریحِ رسول سے بے نیاز ہو کر ہر شخص قرآن کی ہر آیت کی ایک الگ تاویل و تعبیر کر سکتا ہے اور کسی ایک شخص کی رائے دوسرے کے لیے سند اور حجت نہیں بن سکتی۔ (وضو اور نواقضِ وضو کے بارے میں ایک سوال کا جواب میری مطبوعہ کتاب "رسائل و مسائل" میں فقہیات کے عنوان کے تحت بھی دیا گیا ہے، آپ اُسے بھی ملاحظہ فرمالیں)

قصر کے متعلق سوال کرنے میں بھی آپ وہی غلطی کر رہے ہیں جو وضو کے معاملے میں آپ نے کی ہے۔ قرآن کے منشا کی تعیین میں قرآن لانے والے رسول کی توضیح و تشریح کو نظر انداز کرنا ایک بہت بڑی اصولی غلطی ہے جس کی بے شمار قباحتوں میں سے چند کی طرف میں اوپر اشارہ کر چکا ہوں۔ قرآن صرف حالتِ خوف میں قصر کی صورت بتاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ اس حالت میں صرف ایک رکعت بھی کفایت کر سکتی ہے۔ اس حکم میں کہیں بھی حالتِ امن کے قصر کی نفی موجود نہیں ہے۔ یہ دوسری قسم کا حکمِ قصر ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے سے پہنچا ہے اور وہ یہ ہے کہ عام سفر میں صبح اور مغرب کی نمازیں پوری پڑھی جائیں اور صرف چار رکعت والی نمازوں کو کم کر کے دو رکعت کر دیا جائے۔ اِس قصر کو جو شخص خلافِ قرآن کہتا ہے وہ دو بڑی غلطیاں کرتا ہے۔ ایک یہ کہ وہ کسی چیز کے قرآن میں نہ ہونے اور اُس کے خلافِ قرآن ہونے کو ہم معنی سمجھتا ہے حالانکہ ان دونوں میں بڑا فرق ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ نبیؐ کے واسطے کو درمیان سے ہٹا کر براہِ راست قرآن کو لینا چاہتا ہے، حالانکہ خدا نے قرآن نبی کے واسطے سے بھیجا تھا۔ کیا وہ شخص یہ کہنا چاہتا ہے کہ خدا نے یہ واسطہ درمیان میں رکھ کر ایک فضول کام کیا ہے؟ ہم اس واسطے کے بغیر خود ہی قرآن سمجھ سکتے تھے۔

---

## دُعا میں بزرگوں کی حُرمت وجاہ سے توسّل

سوال:- میں نے ایک مرتبہ دریافت کیا تھا کہ بجاہ فلاں یا بحرمت فلاں کہہ کر خدا سے دعا کرنے

© rasailojaraid.com

